اس لئے ہم ذیل میں وہ طریقہ درج کرتے ہیں کہ پاک اور صاف ہو کر جائے۔ اور کعبہ کو پشت کر کے سوئے مزار رخ کرے اور پانچ آیات ختم کر کے ثواب صاحب مزار کی روح کو پہنچاتا ہے۔ پھر آلتی پالتی مار کر بیٹھے۔ رگ کیمیاس جو گھٹنے کے نیچے نمایاں ہوتی ہے بائیں پاؤں کے انگوٹھے اور انگلی سے پکڑ کر لا الٰہ الا اللہ ۱۶۵ مرتبہ کہے۔ اور یہ سمجھے کہ صاحب مزار میرے سامنے جلوہ فرما ہیں۔ اور اس محبت سے ذکر کرے کہ صاحب مزار جلوہ نما ہو ہی جائیں پھر مقدر میں ہو تو ہمکلام بھی ہو۔ ورنہ زیارت سے مشرف تو ہو۔ اللہ اکبر! یہ وہ باتیں ہیں اور وہ راز ہیں۔ جو عام طور پر لوگوں کو معلوم نہیں اللہ کے نیک بندے صدقہ اس کا دیتے ہیں اور جو لوگ اس عمل کے قابل ہوتے ہیں بتا دیتے ہیں۔ ورنہ

سر خدا کے مخبر صادق کہیں گفت
اور خیر تم کو بادہ فروش از کجا شنید

کسی مخفی بات کو معلوم کرنیکا طریقہ

دو رکعت نماز بعد نماز عشاء پڑھے۔ اور مصلے پر بیٹھے بیٹھے یا علیم یا حزب اللہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور ان الفاظ کا نقش لکھ کر سرہانے رکھ کر سو جائے۔ خواب میں

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

ہونے والی بات کے نتیجہ سے مطلع ہو جاؤ گے۔ اور وہ بالکل صحیح ہو گا۔

دشمنانِ اسلام سے جنگ کے موقعہ پر

۷۸۶

۱۰	۹۰	۹۸
۹۷	۹۴	۹۲
۹۱	۹۹	۹۳

مجاہدین کو یہ نقش ضرور باندھ لینا چاہیئے۔ دشمنوں کے ہر حربہ سے مجاہد لڑ سکیں گے۔ اور دشمنوں پر غالب آئیں گے۔ مگر غائبی معاملات میں اس کا اشتہار منع ہے۔ ہر اس لڑائی میں نقش ہذا سے مدد لینی چاہیئے۔ جو صرف دین حق کے لئے لڑی جائے۔ نقش مذکور یہ ہے۔

شیعہ حضرات کیلئے ایک نادر تحفہ

۷۸۶

۵۰	۵۲	۶۰
۵۹	۵۶	۵۱
۵۳	۶۱	۵۵

یہ نقش شیعہ حضرات کے لئے بڑی نعمت ہے۔ شیعہ حضرات اپنے ہر کام میں اس نقش حیدری سے کام لے سکتے ہیں۔ اور یہ نقش ان کے لئے قاضی الحاجات ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
Scanned by CamScanner

نقش جنگ

یہ نقش خصوصیت سے لڑائی کے وقت عام طور پر ضرورت پر کام آتا ہے عجیب سے مدد ملتی ہے اور اس طرح مشکل حل ہوتی ہے۔ آدمی حیران رہ جاتا ہے۔ بڑی قابلِ قدر نعمت ہے۔

۱۱۴۷	۱۴۶	۷۱۶۶
۱۴۶۲	۱۱۶۵	۴۶۹
۱۴۶۴	۱۴۷۱	۴۶۲

۹۱۶

نقش رسولی



یہ نقش کیا ہے۔ ایک روح ہے۔ جو ہر وقت ورت گولی کا کام کرتا ہے اور کبھی رائیگاں نہیں ہوتا فریادرس سے قاضی الحاجات ہے مشکلشا ہے۔

۵۳۹	۵۳۴	۵۴۱
۵۴۰	۵۳۸	۵۳۶
۵۳۵	۵۴۲	۵۳۷

۷۸۶

حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبندی

حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشادِ گرامی ہے کہ اس نقش کو انتہائی ضرورت سے وقت کام میں لائیں اور ہر بات کے لئے یہ نقش

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

۱۰۹
۵۱۶

لکھیں۔ کیونکہ اس نقش کے مؤکل نہایت نازک مزاج ہیں۔ مگر بوقتِ ضرورت فوراً عمل کر دیتے ہیں۔ بازو پر باندھا جاتا ہے۔

حضرت خواجہ بہاؤالدین زکریا ملتانی

جو بے انتہا خوش پوش اور خراچ تھے۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے۔ اور خواجہ قطب الاقطاب کے معاصرین میں سے آپ کی وفات ہونے پر جب آپ کی کنیچوں سے آپ کے کپڑے کھولے گئے۔ تو ایک جبہ بھی دستیاب نہ ہو سکا۔ حالانکہ آپ بہت زیادہ لنگر کے خرچ میں سے صرف فرمایا کرتے تھے۔ فبای آلاء ربکما تکذبن ہ کا سب صدقہ تھا۔ آپ کے ایک بزرگ قائل تھے جنہوں نے آپ سے سوال کیا کہ حضرت! یہ مصارف آپ کہاں سے پورے فرمایا کرتے ہیں؟ فقیر اللہ کے خزانوں کا مالک ہوتا ہے۔ ہم خدا کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے۔ وہ بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے حضورؒ سے درخواست کی کہ مجھے بھی ایسی چیز مرحمت فرما دیجئے۔ جو میں دنیا کی طرف سے نہ دیکھوں غیب سے میری حاجتیں پوری آجایا کریں۔ فرمایا۔ اچھا! تم اس آیۃ مبارکہ کو اس کے اعداد کے مطابق فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھ لیا کرو مگر اس طرح

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سورۃ الرحمٰن پڑھو اور ختم پر آیت مذکورہ ۸۶۱ بار پڑھو! پھر درود شریف پڑھ کر فرض پڑھا کرو چنانچہ اس بزرگ کی ہدایت کے مطابق پڑھا کرتے ہیں۔ تو خدا تعالیٰ مجھے ضرورت کے مطابق عطا فرما دیتا ہے۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود

حضرت بلھے شاہ صاحبؒ قصوری

حضرت بلھے شاہ صاحبؒ قصوری کا ارشاد ہے کہ اگر کسی کو آسیب نے ستا رکھا ہو۔ یا جنات ستاتے ہوں تو وہ ۱۷۶۳ مرتبہ پہلے یہ تعویذ لکھے۔ یا کوئی دوسرا لکھے اور پھر ایک تعویذ

۷۹۶

۵۵۵	۵۵۰	۵۵۸
۵۵۷	۵۵۴	۵۸۲
۵۵۱	۵۵۶	۵۵۳

لکھے اور اس کی دھونی آسیب زدہ کو دے اور سنگھاوے۔ آسیب زدہ چیخے گا۔ چلائے گا۔ مگر پرواہ نہ کریں۔ یا تو جل جائے گا یا جیل چلا جائے گا تین دن ضرور اس کو دھونی دے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

حضرت شیخ کلیم اللہ صاحب جہانآبادیؒ کی

بیاض کا نقش

جو فتوحات کے لئے مجرب المجرب ہے۔ اور جس کی تعریف حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ محدث دہلوی بھی فرماتے ہیں۔ یہ ہے۔ ۱۲ ربیع الاوّل کو جبکہ ۱۱ ثابت ہو یعنی ہندی مہینہ چاند کے حساب سے ثابت پڑتا ہو۔ بعد ظہر غسل کرے اور آیۃ مبارکہ قل اللّٰھم مٰلک الملک جو سورۂ بقر میں ہے۔ تا حساب اس کے عدد نکال کر اعداد کے مطابق پانی کے پاس بیٹھ کر پڑھے اور وہی نماز ادا کرنے میں پڑھے۔ عشاء تک اسی جگہ پر سو رہے۔ صبح کی نماز سے پہلے اٹھ کر وضو کرے۔ اور جا کر یہ نقش کسی پھلدار درخت میں باندھ آئے۔ بس عمل پورا ہو گیا بے انتہا فتوحات ہوں گی۔ کسی قسم کی کمی نہ ہوگی جو خرچ کرے گا۔ مل جائے گا۔

۷۸:۶

۲۴	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی تصنیفات میں یوں تو بہت سے عملیات ونقشیات بحساب درج ہیں مگر جنات وآسیب کے لئے ایک ایسا عمل درج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تأخذہ سنۃ
ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من
ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم
ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون
بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ
السمٰوٰت والارض ولا یؤدہ حفظھما
وھو العلی العظیم

ہے جس کی تقریباً ہر زمانے میں ضرورت ہوتی ہے۔ اب جبکہ اللہ تعالیٰ کے مقدس نقوش سے دنیا خالی ہوتی جارہی ہے۔ وہ اس لئے کہ موجودہ تعلیم

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
Scanned by CamScanner

نے ہم کو اپنی مذہبی تعلیم سے بہت دور ہٹا دیا ہے۔ ایسے وقت میں تو اس کی اشد ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ ایسے تبرکات اور عملیات ملیں۔ جو ہماری ضرورت میں کام آکر اس خلاء کو پورا کر سکیں۔ جنات و آسیب کا مرض بھی اب عام ہو گیا ہے۔ سابقہ صفحہ پر جو نقش ہے۔ وہ جنات و آسیب کو دور کرنے کے لئے کافی ہے۔ جب ایسی ضرورت پیش آئے تو آپ انار کی لکڑی سے پیر کے دن دن کو گیارہ بجے یعنی نماز چاشت کے وقت وضو کر کے دو رکعت نفل نماز ادا کریں اور نقش جو سابقہ صفحہ پر مرقوم ہے۔ لکھیں اور سورۂ جن تین مرتبہ پڑھ کر اس نقش کو طے کریں۔ موم جامہ کر کے خوشبو لگا کر ایک کپڑے میں سی کر جو کہ کپڑا پاک و صاف ہو رکھ لیں۔ وقت ضرورت مریض کے بازو یا گلے میں باندھ دیں۔ اور کھولنے نہ دیں۔ انشاء اللہ کامل صحت ہو گی۔ بعد صحت کے مسجد میں کھانا پکوا کر بھیج دیں۔

شعبدہ

اکثر رمل اور فال دیکھنے والے بازاروں میں بیٹھ کر لوگوں کو اپنے کمالات دکھا کر اپنے دام فریب میں لے آتے ہیں۔ وہ کمالات کیا ہوتے ہیں؟

شعبدہ بازیاں۔ ہاتھ کی چالاکی۔

بعض دوا فروش اور مجمع باز ایک آدمی کو لٹا کر اس کے اوپر ایک چادر اوڑھا دیتے ہیں اور لوگوں کے سوالات کے جوابات دے کر تعویذ فروخت

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کرتے ہیں۔ سیدھے سادے لوگ ان کے دامِ فریب میں آکر اپنی گرہ کا پیسہ کھو دیتے ہیں۔ ہم اس فریب کا پول کھول دیتے ہیں تاکہ لوگ ان کے فریب سے محفوظ رہیں۔ ویسے اگر کسی دوا کی ضرورت ہو تو خریدیں۔

تعویذ فروش

تعویذ فروش کسی کو بیہوش کر کے پوچھتے ہیں۔ بتاؤ! یہ کون جا رہا ہے۔ یہ کیا ہے؟ اس کی پہچان کیا ہے۔ ان کا نام بتاؤ؟ بات صرف اتنی ہے کہ یہ مقررہ الفاظ ہیں۔ وہ کون جا رہا ہے؟ جنہیں یہ پوچھیں گے۔ جب سقہ (مشکی) جاتا ہوگا۔ ان کی پہچان بتاؤ جنہیں پوچھیں گے۔ جب یک چشم آدمی ہوگا۔ یہ کیا ہے جبھی پوچھیں گے۔ جب کسی کی چادر کو ہاتھ لگائیں گے۔ ان کا نام بتاؤ؟ اس کا جواب وہ لڑکے سے نہیں لیں گے۔ بلکہ اور کوئی دوسرا سوال پوچھ پوچھیں گے لوگ سمجھیں گے کہ بڑے کمال بھرے عامل ہیں۔ اسی طرح الفاظ مقررہ جو لڑکے کو پہلے سے ظاہر کروائے جاتے ہیں۔ دریافت کرتے ہیں۔ لوگ سن سن کر حیرت میں پڑیں گے۔

سوچا ہوا سوال بتانا

نجومی پہلے سائل کو اپنے علم کا قائل ان شعبدات سے کرتے ہیں۔ مثلاً وہ آپ کے

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

سامنے چار کارڈ پیش کریں گے کہ آپ کوئی سا سوال سوچ لیں اور سوال کارڈ کے اوپر ہی سوال لکھ دیں۔ آپ نے ایسا ہی کیا۔ اب جو دوسرے کارڈ ان کے پاس ہیں۔ ایک ایک کر کے آپ کو دیئے کہ پھر سب کارڈ آپ اوپر رکھ دیں دوبارہ جب آپ نے کارڈ اوپر رکھا۔ تو پہلے کارڈ کے شمار میں آپ کا جو نمبر ملے گا وہی آپ کا نمبر ہے۔ آپ کو بتا دیں گے۔ آپ حیران ہوں گے۔

۱	۵	۹	۱۸
۲	۶	۱۰	۱۴
۳	۷	۱۱	۱۵
۴	۸	۱۲	۱۷

۱	۵	۹	۱۳
۶	۱۰	۱۲	۲
۱۱	۱۵	۳	۷
۱۶	۴	۸	۱۲

کارڈ جتنے شمار میں ہوں۔ اتنے ہی سوال ان پر لکھے ہوں گے۔ اور اتنے ہی کارڈ ہوں گے۔

اب کارڈ لکھتے وقت یہ آپ کی دانائی ہے کہ سوالات حسب مطلب اور دلچسپ ہوں۔ کارڈ بدلتے وقت یہ بات ظاہر نہ ہو کہ کارڈ بدل لئے گئے ہیں۔ یک من علم را دہ من عقل باید۔ اگر آپ نے ذرا بھی کوتاہی کی تو راز کھل جائے گا اور آپ کو خفت کا سامنا کرنا پڑے گا جس قدر صفائی سے یہ کام کرو گے۔ لوگوں کو اتنی ہی زیادہ حیرت ہو گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

اعداد کا کرشمہ

	۴۵۳
	۱۲
	۴۴۱

کسی سے کہو کہ ایک سطر ہندسوں کی لکھو۔ اس نے لکھی۔ اب کہو۔ اس طرح میزان دو۔ تو میزان ہوئی۔ اسے اوپر کی سطر کے نیچے لکھو۔ اور تفریق کرو۔ دو۔ حاصل تفریق یہ ہوا۔

اب کہو کہ ہندسہ کاٹ دو۔ اس نے درمیان کا ہندسہ کاٹا۔ اور کہو کہ باقی ہم کو بتا دو کہ چار اور ایک بچا تم دونوں کو جمع کرو۔ پانچ ہوئے۔ اب سوچو کہ پانچ میں اور کتنے مل کر نو ہوں گے۔ چار مل کر نو ہوتے ہیں۔ بس تم بتاؤ کہ چار کا ٹا ہے۔ اس طرح چاہیئے کہ جو کچھ لکھو۔ البتہ وہ بقیہ ہندسے اگر ایسے بتائے جس کی میزان نو ہو تو تم کو یہ کہنا ہوگا کہ صفر کاٹا ہے۔ یا نو کا ہندسہ۔

یہ ہم نے اس لئے لکھ دیا ہے کہ بعض بناوٹی عامل اس قسم کے شعبدات دکھا کر اپنے کمال کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ سب حسابی کرشمے ہیں۔ اور بھی اکثر ایسے ہی کرشمے ہیں جنہیں ہم نظر انداز کئے دیتے ہیں۔ اس لئے کہ سچ سچ ہی ہے اور جھوٹ جھوٹ۔

وجاء الحق وزھق الباطل۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

عاملِ جنّ

اکثر عامل اپنے عمل کے کمرے میں میز پر بوتل رکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور ہر آنے جانے والے سے جنّ کی گفتگو کرواتے ہیں ہم نے جنّ قید کر رکھا ہے۔ وہ جنّ قرآن مجید پڑھ کر سناتا ہے۔ لوگ بڑے حیران ہوتے ہیں۔ اور ان کے فریب کے جال میں سادہ لوح لوگ پھنس جاتے ہیں۔ راز یہ ہوتا ہے کہ کمرے میں میز ہوتی ہے اور اس پر کپڑا پڑا ہوا ہوتا ہے اور میز کے اوپر ایک بوتل تعویذ سے بندا اور سر بمہر ہوتی ہے۔ مگر ڈاٹ نہیں لگی ہوتی اور بوتل کا پیندا الگ ہوتا ہے۔ اس میں ایک پھول (مٹی کا تیل ڈالنے کا ہوتا ہے) اس میں ایک نلکی لوہے کی پائے میں سے ہوتی ہوئی زمین میں چلی جاتی ہے۔ اس کا دوسرا سرا دوسرے کمرے میں ہوتا ہے۔ وہاں پر کوئی صاحب بیٹھ کر قرآنِ کریم سنا دیتا ہے اور کہتا ہے کہ میں جنّ ہوں۔ ان عامل صاحب نے مجھے قید کر رکھا ہے۔ بتائیے کون ہے۔ جو اس شعبدے سے مرعوب نہ ہوگا؟ یا فریب کے جال میں نہ پھنسے گا؟ معاذ اللہ! ہم کو ایک واقعہ حضرت مخدوم نصیر الدین رحؒ چراغ دہلوی کے زمانے کا یاد آیا۔ جو حسبِ ذیل ہے۔

روایت حضرت مخدوم جی

ایک صاحب نے آپؒ سے سوال کیا۔ یا حضرت! آج کل دہلی کا قطب

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کون ہے؟ آپؒ نے سیدھے سبھاؤ بتا دیا کہ وہ سقّہ ہے۔ جو چاندنی چوک میں پانی پلاتا ہے۔ اس صاحب نے اس سقّہ سے پانی مانگا۔ پانی لیا اور پھینک دیا اور کہا کہ اور دو! اس سقّہ نے اور پانی دے دیا۔ پی کر چلے گئے۔ عرصۂ دراز کے بعد پھر حضرت مخدوم جی سے سوال کیا کہ آج کل دہلی کا صاحب خدمت کون ہے؟ آپؒ نے پہلے تو بتانے میں حجّت کی۔ پھر بتا ہی دیا کہ ایک سقّہ اب بھی ہے۔ ہوشیار ہو کر جانا یہ صاحب گئے اور جاتے ہی پانی مانگا۔ اس سقّہ نے پیٹ لگا انہوں نے پیسہ دے دیا۔ انہوں نے پھینک دیا اور پھر پانی مانگا سقّہ نے کٹورہ چھین کر کہا۔ بھاگ یہاں سے۔ کہہ دیجیو مخدوم جی سے کہ اب نہیں رہا۔ وہ زمانہ نہ تھا کہ ہر کس و ناکس کو راز سے آگاہ کیا جائے۔ یہ شخص واپس آجائے اسی طرح اب سچّے لوگ پوشیدہ ہیں۔ اور کمیاب ہیں۔ مارکیٹ میں جھوٹے ایٹی ٹیشن کھلے عام بک رہے ہیں اور سچّے جواہر ڈبوں اور بکسوں میں بند ہیں۔ اب گاہک کی نظر اور قسمت ہے۔ چاہے۔ وہ لے لے جو سچّے موتیوں سے زیادہ آبدار اور خوشنما ہیں یا سچّے موتی خریدے۔ عامل بازاری اور اشتہاری بھی ہیں۔ اور کسی گوشے میں اللہ کے سچّے بندے بھی گمنامی کے دائرے میں بند ہیں۔ سچ فرمایا ہے حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

ایں مدعیان در طلبش بے خبراں اند
کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

نقش و عمل کی تاثیرات

ایک شخص حضرت مولانا شاہ صاحب عبدالعزیز کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اپنی بیچارگی و عسرت کا اظہار کیا۔ آپ نے ایک تعویذ لکھ دیا کہ گھر جا کر کپڑے کے نیچے ڈھک دینا۔ اسے پتھر کے نیچے رکھ کر تھوڑی دیر کے بعد اٹھا کر جو مقدار میں ہو لے لینا۔ اس نے ایسا ہی کیا چند اشرفیاں ملیں۔ بہت خوش ہوا۔ اور تعویذ کو احتیاط سے رکھا۔ دوبارہ جب ضرورت پڑی تو اس نے وہی تعویذ پھر کپڑے میں ڈھک دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد پھر اٹھایا تو اس میں سے خون بہتی ہوئی اور تازہ کٹی ہوئی ایک انسانی گردن نکلی۔ دیکھ کر بڑا گھبرایا چنانچہ حضرت شاہ صاحب کی خدمت میں جا کر سارا حال عرض کیا۔ شاہ صاحب نے فرمایا۔ میاں! تعویذ کا محسن استعمال جب تم نہیں جانتے۔ تو تم نے ایسا کیا ہی کیوں؟ ہم نے تم کو تعویذ دیا ہمیں علم تھا کہ موکلات اب ایسا کر سکتے ہیں۔ جب تم نے تعویذ رکھا۔ اس وقت وہ باہم جنگ و جدل میں مبتلا تھے۔ اس لئے انہوں نے کٹی ہوئی گردن ہی لا کر رکھ دی۔

جس کا کام اسی کو ساجے
اور کرے تو ٹھینگا باجے

ہر انسان کو دیکھ بھال کر اور سوچ سمجھ کر ہر کام کرنا چاہیئے۔ ایسے ہی ایک

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

اور مثال ہے۔ جو یک نہ شد دو شد کی ہے۔

چاہے یہ کسی کی منگھڑت کہانی ہی کیوں نہ ہو۔ مگر ہے درس آموز نصیحت آمیز ایک صاحب کفن مردوں کا قبروں سے نکال لیا کرتے تھے۔ بذریعہ عمل یعنی عمل پڑھا اور مردے نے اپنا کفن اتار کر اس کے حوالے کر دیا۔ اور انہوں نے پھر عمل پڑھا۔ اور وہ مردہ اپنی قبر میں چلا گیا۔ یہ کفن کا کپڑا بیچ کر وہ گزارہ کرتے تھے۔ ایک صاحب نے ان کی شاگردی کی اور سوچا کہ جب ضرورت پڑے گی تب کریں گے۔ چنانچہ کچھ دنوں کے بعد جب ضرورت پڑی تو یہ صاحب ایک قبر پر گئے۔ عمل پڑھا۔ مردے نے آکر کفن حوالے کر دیا۔ شدنی امر یہ واقع ہوا کہ وہ عمل جو مردے کو واپس قبر میں بھیجنے کا تھا۔ بھول گئے۔ اب اس سے یہ کہہ رہے ہیں جا بھئی جا! وہ کب جانے والا تھا۔ اب یہ صاحب گھبرائے۔ پھر سوچا چلو! استاد صاحب کے ہاں جا کر اس سے پیچھا چھڑواتے ہیں۔ استاد صاحب کے پاس گئے۔ تو معلوم ہوا کہ استاد صاحب تو انتقال فرما چکے ہیں۔ یہ صاحب قبرستان پہنچے اور استاد صاحب کی قبر پر جا کر عمل پڑھا۔ استاد صاحب نے قبر سے باہر آتے ہی کفن حوالے کیا۔ شاگرد صاحب بولے کفن رہنے دیں۔ آپ استاد ہیں۔ اور وہ عمل جو مردے کو قبر میں بھیج دیتا ہے بتا دیں۔ استاد صاحب نہیں بولے اور کفن لئے ساتھ ساتھ ہیں۔ ایک پہلا مردہ وہ تھا۔ اب دوسرے استاد صاحب ہو گئے۔ اس پر ہی کسی نے کہا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
also visit www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

Scanned by CamScanner

یک نہ شد دو شد

اس مثال سے بھی یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ آدمی عمل پڑھنے سے پہلے سب نشیب و فراز سمجھ لے۔ یہ نہ ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے۔ اور ندامت حاصل ہو۔ بغیر کسی استاد کے کوئی عمل پڑھنے کا ارادہ نہ کریں۔

دعائے کاظمی

یہ حضرت امام موسیٰ کاظم کی دعا ہے۔ قید سے رہائی حاصل کرنے میں بڑی رو داثر ہے۔ کوتاہی نہیں کرتی۔ قید خانے میں قیدی پڑھے۔

اللھم انی اسئلک الھما عند الموت والعجز عند الحساب۔

مسلمان آج کل محبت و بغض اور ترقی کاروبار کی دعائیں تو پڑھتے ہیں اور عمل کرتے ہیں۔ مگر جو دین و دنیا سنوارنے والی دعائیں ہیں۔ ان کی طرف متوجہ بھی نہیں ہوتے۔ یہ بڑی کم نصیبی کی بات ہے۔

حضرت امام علی نقی کا ارشاد

حضرت امام علی نقی کا ارشاد ہے کہ ظالم کے ظلم سے امان چاہو تو یہ آیت بعد عصر کے ایک سو ساٹھ بار پڑھا کرو۔ اور آخر میں درود شریف پڑھو۔ ہر ظالم تم

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

سے مرعوب ہوگا

قہر و عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے کی دعاء

حضرت امام اعظمؒ کو بیت اللہ شریف میں ہاتف غیب نے ندا کی تھی کہ اگر یہ دعاء صبح و شام کو پڑھے گا۔ تو وہ ہرگز عذاب نہ دیکھے گا۔ سبحان الابلدی الابد سبحان الواحد سبحان الفرد الصمد سبحان رافع السماء بغیر سبحان الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔

حضرت سری سقطی فرماتے ہیں

حضرت سری سقطی فرماتے ہیں کہ اگر تم دشمن دنیوی سے بچنا چاہتے ہو اور شیطان کے مکر و فریب سے محفوظ رہنا چاہتے ہو۔ تو ہتھیار سے مسلح ہو کر نکلا کرو۔ وہ ہتھیار یہ ہیں کہ وضو سے رہا کریں۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا ورد کرتے ہوئے باہر نکلا کرو۔ محفوظ رہو گے۔

جب کوئی کام اپنے قبضے سے باہر ہو جائے

جب کوئی کام اپنے قبضے سے باہر ہو جائے۔ تو فوراً وضو کرو اور سبحان

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

الذی بیدہٖ ملکوت کل شیء والیہ ترجعون کا ورد کیا کرو
اس آیت مبارکہ کا ورد دل کو تسلی دیتا ہے غمزدہ کو فرحت بخشتا ہے۔ بے سہاروں
کو سہارا دیتا ہے۔ بڑے کام کا ورد ہے۔

غوث پاک فرماتے ہیں

غوث پاکؒ فرماتے ہیں کہ ذیل کے اشعار پڑھنے والا مشرق کی جانب
رُخ کر کے اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتا ہے۔ دلی مرادیں حاصل ہوتی ہیں۔
مطلوب سے وصال ہوتا ہے۔

اشعار

ادرکنی ضمیر وانت ذخیری والظلم فی الدنیا وانت نصیری
دعاءٌ علیٰ حامی وھو یخزی اذا صل فی البید عقال بغیری

سخت بیماری سے صحت کیلئے

باذن اللہ الذی یحی العظام وھو رمیم۔
سات سو سات مرتبہ کسی بیمار کے سرہانے بیٹھ کر ایک آدمی یا تین آدمی
مذکورہ بالا کام کو ختم کریں۔ اول و آخر درود شریف پڑھیں اور شرنی پر غوث

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

پاک کی نیاز دلا کر تقسیم کریں۔ انشاء اللہ مریض جلد از جلد صحتیاب ہوگا۔

شجرہ شریف

شجرہ شریف قادریہ اور چشتیہ روزانہ پڑھنا اگرچہ باعث برکات ہے۔ مگر خاص طور پر کسی مقصد کے لیے پڑھنا ہو تو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر شیرینی بچوں میں تقسیم کر دو۔ تو فوراً مقصد دلی حاصل ہوگا۔ افضل یہ ہے کہ شب کو اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے شجرہ یاد نہ ہو تو پہلے یاد کر لیں بمقابلہ اجالے کے اندھیرے میں پڑھنے پر زود اثر ثابت ہوگا۔

توکل پختہ کرنیکیلئے

توکل پختہ کرنے کے لیے حضور غوث پاک کا ارشاد ہے کہ وما اٰتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا کا ورد ہر انسان کے توکل کو پختہ کرتا ہے۔ پھر اسے کھانے پینے کا وسوسہ نہیں ستاتا۔ اور دولت ہر ایک کے حصے کی نہیں۔ تا زبخشد خدائے بخشندہ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

حضرت مجدد الف ثانی قیوم زمانی صاحب کی

معمول کی دعاء

اس دعاء کی بڑی فضیلت یہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے ورد کی دعاء ہے۔ الحمد للہ الذی احیانا بعد ما امتنا والیہ النشور

اس دعاء کے پڑھنے والے کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔

بعد وضو

پانچ وقت اگر کسی کے ورد میں یہ دعاء ہو تو اسے رزق کی کمی نہیں رہتی۔ شرط یہ ہے کہ بعد وضو کے کپڑے سے جسم نہ پونچھا جائے۔

اللھم اجعلنی من الذاین ولاخوف علیھم ولاھم یحزنون ٥ واجعلنی عبدًا شکورًا واجعلنی عن ذکرک کثیرًا وسبحک بکرۃ واصیلاً

اشراق کے بعد پڑھنے کی دعاء

رب انی ظلمت نفسی فاغفرلی فغفرلہٗ۔ گیارہ دفعہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

مراقب ہو۔ پھر دنیوی کاموں میں مشغول ہو۔ دن بھر کا نگران رب العزت بن جاتا ہے۔

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان

صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان اگر کوئی صاحب یہ دعا پڑھے۔ خواہ وہ کتنا ہی مقروض کیوں نہ ہو۔ غیب سے کوئی سامان ہو کر اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔

واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ وانھا لکبیرۃ الا علی الخشعین الذین یظنون انھم ملقوا ربھم وانھم الیہ راجعون ۝

حضرت مجدد صاحبؒ

حضرت مجدد صاحبؒ کے متعلق لکھا ہے کہ آپ کوئی کام بغیر استخارہ نہ کرتے تھے۔ آپ پیادہ اور سواری میں قرآن پاک کی تلاوت کرتے رہتے تھے۔ جب آیت سجدہ آتی تو سواری سے اتر کر سجدہ کرتے۔ اور ہر مہم میں استخارہ ضروری سمجھتے تھے۔ استخارہ سے پہلے دو رکعت نفل ادا فرماتے۔ اور پھر دعائے استخارہ پڑھتے تھے۔

★★★

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

دعائے استخارہ

اللّٰھم انی استخیرک بعلمک واستقدرک واسئلک بفضلک العظیم فانک تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللّٰھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر خیر لی فی دینی ورنسائی وھاشی وعاقبۃ امری او عاجل امری واجلہ فاصرفہ عنی واصرفنی عنہ و قدر لی الخیر کان ثم ارضنی بہ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین ۵

اور اکثر آپ ہاتھوں کی انگلیوں سے لفظ اللہ بنایا کرتے تھے۔ اور استغفار کی بھی کثرت فرمایا کرتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ برائیوں کو بھی ہر وقت پیش نظر رکھو۔ آپ کا لباس سر پر بڑا عمامہ اس کے ایک گوشے میں مسواک ہوتی تھی۔ دونوں کندھوں کے درمیان شملہ قمیض کی آستیں کہنی تک پاجامہ ٹخنوں سے اونچا۔ لاٹھی ہاتھوں میں اور مصلیٰ کندھوں پر رکھے تھے۔ آج جیسے تراس وخراش، وضع وقطع کے لوگوں کو بھلا کون عظمت کی نگاہ سے دیکھے گا۔ آج کل جبہ وقبا و دستار کی قدر ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

فالج زدہ کیلئے

اگر یہی ویمیت پڑھ کر ایک سو گیارہ بار دم کیا جائے اور اس کی مالش کی جائے۔ اور شہد پر دم کر کے چاٹا جائے تو یقینی صحت ہو۔

حضرت حاجی محمد شریف صاحب

حضرت حاجی محمد شریف صاحب قادریہ اور مجددیہ سلسلہ کے بزرگ تھے۔ اور بڑے فیاض بزرگ تھے۔ اگرچہ ان پڑھ تھے۔ مگر مثنوی شریف کے اشعار کے نکات بڑی خوبی سے بیان کرتے تھے۔ جن لوگوں نے آپ سے فیضانِ صحبت پایا ہے۔ وہ آپ کا رتبہ خوب جانتے ہیں۔ آپ کنگھیاں بنا کر بالکل حلال کھایا کرتے تھے۔ اور اخفائے فقر اس تک نظر میں تھا۔ ایک مرتبہ ایک مسحور یا جنات کا مارا ہوا آپ کی خدمت میں اور آپ نے فرمایا کہ میاں! اس کے دماغ میں خشکی ہے۔ تیل لے آؤ۔ میں اور اس کے سر اور کان میں ڈال دوں۔ وہ لوگ تیل لے آئے۔ آپ نے دم کر کے ملوا دیا۔ کانوں میں ڈلوایا۔ وہ تندرست ہو گیا۔ تو فرمایا کہ دیکھو! میں کہتا تھا کہ اس کے دماغ میں خشکی ہے۔ باز نظر باز آپ کی خدمت میں حاضر تھے۔ انہوں نے آپ سے پوچھا کہ حضرت! آپ نے جو تیل پر پڑھا تھا ہمیں بھی بتا دیں۔ فرمایا۔ یہ آیت الکرسی کی فضیلت ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

تم بھی اگر تیل دم کرنا چاہتے ہو۔ تو آیت الکرسی یاد کرلو۔ پڑھ کر دم کر دیا کرو۔ چنانچہ تجربہ کیا تو بے کم و کاست صحیح پایا۔ آپ اکثر یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ ۵ ذوالحجہ وفات کی تاریخ ہے۔ ابھی آپ کے دیکھنے والے بقید حیات ہیں۔ دوہا ؎

ہم اوچھے سب بات کے ہم پورے مہاراج
نظر کرم کی راکھیو کہ باہند گہے کی لاج

آپ تہجد کی فضیلت بڑی فرمادیا کرتے تھے۔ کہ جس نے پایا تہجد ہی سے پایا ؎

رب جاگت ہے تو سوت ہے
یہ پیت کی کوئی ریت نہیں
جو جاگت ہے سو پاوت ہے
جو سوت ہے سو کھوت ہے

نظر زدہ

نظر زدہ کا منہ ہاتھ دھو کر نظر لگانے والے کو پلا دیا جائے۔ تو نظر کا اثر جاتا رہتا ہے۔ اور نظر زدہ کو آرام اور شفا ہو جاتی ہے۔ یا نظر زدہ پر یہ عزیمت پڑھیے فوراً شفا ہو جاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور لاحول اور الحمد

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

شریف پڑھے اور عزیمت پڑھے۔

عزیمت یہ ہے

عزمت علیکم ایھا العین التی تعزعن اللہ وبنور عظمتہ رحمہ اللہ بما جری بہ القلم من عند اللہ الی خلق اللہ محمد ابن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عزمت علیک ایھا العبی بحق شرابھا میر الیبا ازدینا اضیات ال شد ای عزمت علیک ایھا العین التی بحق شھت بہت انتہت یا نتطاع النجا بالذی لا یقوی علیہ ارض طریق والافانت بریۃ من اللہ تعالیٰ واللہ تعالیٰ بری منہ اخرجی یا نفس اسو یا لف الفِ ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد ونزل ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین فاللہ خیر حافظاً وھو ارحم الراحمین حسنا اللہ ونعم الوکیل وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین ○

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

جنات دور کرنے کیلئے ایک اور عمل

حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کا نام لے لیا تو مریض فوراً اچھا ہو گیا

اس لئے کہ آپ ایک پہاڑ پر جو چاٹگام میں ہے۔ آپ چلہ کش ہوتے تھے۔ اجنہ ایک پہاڑ پر رہتے تھے۔ جب وہاں چراغ جلایا گیا۔ تو وہ اجنہ آپ کو ستانے لگے۔ چراغ جلانے سے جہاں تک روشنی پہنچی۔ وہاں تک اجنہ نہ ٹھہر سکے۔ چاٹی بنگلہ زبان میں چراغ کو کہتے ہیں۔ اور اسی لئے وہ جگہ چاٹگام مشہور ہو گئی۔ اصل لفظ چاٹی گرام ہے۔ اور اجنہ آپ کی دعا سے کچھوے بن گئے۔ چنانچہ وہاں پر جو تالاب ہے۔ اس میں کچھوے بکثرت ہیں۔ جو لوگ وہاں جاتے ہیں۔ وہ کچھوؤں کو کھانا ڈالتے ہیں ایک شخص کو کچھوے نے کاٹ کھایا۔ اس نے کہا کہ حضرت کے پاس فریاد لے جاتا ہوں کچھوا فوراً مر گیا۔ اس لئے آج تک آپ کا نام جنات کو بھگانے کے لئے لیا جاتا ہے۔

ایک بزرگ کا مقولہ

ایک بزرگ کا مقولہ ہے کہ جسے دشمن کے مقابلے میں طاقت نہ ہو۔ وہ صدق و یقین کے ساتھ اپنا معاملہ خدا کے سپرد کر دے۔ خدا تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں اور پھر رب العزت کی مدد جس مدد کا مقابلہ ساری کائنات بھی نہیں کر سکتی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

دعائے حیدری

دعائے حیدری جو بازاروں میں فروخت ہوتی ہے۔ حضرت

شاہ عبدالحق صاحب رودادی رحمۃ اللہ علیہ کے ورد کی خاص دعا ہے۔ آپ کو حضرت سید الدین رحمۃ اللہ علیہ کو مولا علی کرم اللہ وجہہ سے اجازت ملی تھی۔ جو لوگ صابری سلسلے میں داخل ہیں۔ ان کو اس دعا کے ورد کی اجازت ہوتی ہے۔ اور وہ استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ دشمنوں کو مغلوب کرنے کے لئے تو تیر بہدف ہے۔ نیز فتوحات اور رجوعات بکثرت ہوتی ہیں۔

نقش آئے بے نقط

نقش آئے بے نقط ــــ کامیابی ــــ امتحان کے لئے امتحان کے موقعہ پر خوشبو لگا کر پاس رکھنے سے دماغ میں وہی باتیں آتی ہیں۔ جن پر کامیابی کا دار و مدار ہوتا ہے لڑکے اس کے بہت زیادہ منفعت حاصل کر سکتے ہیں۔ آزمودہ نقش ہے۔

لٹ رہے ہیں جواہرات کے ڈھیر
پھر بھی کوئی نہ لے تو ہے اندھیر

FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

لاہور والوں کے لئے ہمارا مشورہ

اول تو ہر جمعرات کو اگر ناممکن ہو تو نوچندی جمعرات کو ضرور اہل لاہور دربار حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ میں سلام کو حاضر ہوا کریں اور ایصالِ ثواب حاصل کیا کریں۔ توں تو آپ کے حقوق ہر عقیدتمند پر ہیں۔ مگر اہل پاکستان اور خاص کر اہل لاہور پر لازمی ہیں۔ کہ حاصل ہو کر عقیدتمندی اور نورِ بصیرت حاصل کیا کریں۔ آپ کا بڑا احسان ہے۔ خاص کر اہل لاہور پر داتا سرکار کا۔

وردِ غوثیہ

از غم مرا آزاد کن
در دو جہاں دل شاد کن
غوثِ زمانہ یاد کن
امداد کن امداد کن

یہ ورد بڑی مشکل کے وقت کام آتا ہے۔ اہلِ حاجت خاص طور پر یاد رکھیں۔
اہلِ محبت تو روز پڑھتے ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

گیارھویں شریف

گیارھویں شریف کے فاتحہ کے لیے حضرت غوث الاعظم

رحمۃ اللہ علیہ کا ارشادِ گرامی ہے کہ میں نے یہ تہیہ کر رکھا ہے کہ جو شخص گیارھویں شریف کی فاتحہ پابندی سے کرائیگا۔ اللہ تعالیٰ اس کے حق میں دعائے خیر کردے گا۔ کہ وہ اپنی مشکلات میں غیب سے مدد پائے گا۔ اور عذاب قبر سے نجات پائے گا۔

حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ

حضرت خضرؑ اور حضرت الیاس کی ہر جمعرات کو پڑوں پر نیاز دلا کر بچوں میں تقسیم کرنے والے اور پھول دریا یا کنوئیں میں ڈالنے والے کبھی کسی مشکل میں نہیں پھنس سکتے اس لئے یہ دونوں حضرات بحکم الٰہی ہر وقت اس کی رہبری فرماتے ہیں۔ اور ویسے بھی اس سے کبھی نہ کبھی ملاقات فرماتے ہیں۔ اور اللہ سے دعا کرتے ہیں۔ یا اللہ! اس نے ہم کو یاد کیا۔ تیری رحمت بھی اسے نہ بھولے۔

معمولِ مشائخ

چھینک آئے تو ——— الحمدللہ کہیں۔

حسن دیکھیں تو ——— ماشاءاللہ کہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

وعدہ کریں تو ——— انشاء اللہ کہیں۔

کوئی احسان کرے تو ——— جزاک اللہ کہیں۔

حضورؐ کا نام پاک سنیں تو ——— صلی اللہ علیہ وسلم کہیں۔

گناہ کا سامان دیکھیں تو ——— استغفر اللہ کہیں۔

سلام کا جواب دیں تو ——— رحمۃ اللہ کہیں

وعا کریں تو ——— رحم اللہ کہیں

کوئی مرجائے تو ——— انا للہ کہیں۔

ڈر کے وقت ——— حسبی اللہ کہیں۔

کسی کام کی ابتدا کریں تو ——— بسم اللہ کہیں۔

بزرگوں کا نام لیں تو ——— رضی اللہ کہیں۔

سوتے وقت

سوتے وقت یا خالد بن ولید کہہ لینا ہر بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔ بدخوابی بھی نہیں ہوتی۔

نقش مراد

ہر مراد پانے کے لئے یہ نقش بڑی مدد دیتا ہے۔ بازو پر باندھیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

۲۹۰	۲۸۳	۲۸۸
۲۸۵	۲۸۷	۲۸۹
۲۸۶	۲۹۱	۲۸۴

روغن دردبالش ہر قسم

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف الرحیم ۱۱ مرتبہ تیل پر دم کریں درد میں اکسیر کا کام دے گا۔

دریا کے طوفان میں

انر مینس جاؤ تو قل لو کان البحر مدادا لکلمات ربی آخر تک آیۃ معظم پڑھو لیکن بلند آواز سے۔ خلاصی ہو جائے گی۔

تبادلہ کرانے کے لئے

الٰہی غنچۂ امید بکشا

گلے از روضۂ جاوید بنما

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
Scanned by CamScanner

صبح کی فرض و سنت کے درمیان ۱۴ مرتبہ پڑھنے سے فوراً تبادلہ ہو جاتا ہے تبادلہ ہونے پر حضرت مولانا عبدالرحمن جامی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو ضرور کچھ نہ کچھ ثواب پہنچائیں

آگ بجھانے کے لئے

آگ بجھانے کے لئے پانی پر قلنا یا نار کونی بردا وسلاما پڑھ کر ڈالو۔ تھوڑا سا پانی بہت سی آگ کو بجھا دے گا۔

مرض بواسیر کی انگوٹھی

محمد نام کے جتنے آدمی ملیں یا جن کے نام محمد سے شروع ہوں۔ ان سے ایک ایک پیسہ لے کر انگوٹھی پہنا دو۔ انشاء اللہ بواسیر جیسا موذی مرض دور ہو جائے گا۔

بارش کرانیکیلئے

بارش کرانے کے لئے یہ کہا کرو۔

کوٹھے اوپر کون پکاوے میں ہوں بابا لونا
ایک جھڑکا دے جلدی ڈلوڑ جائے سونا

یہ ایک مجذوب کی بڑ ہے اور اس کو استعمال کے لئے تیر بہدف ہے خشکسالی

FREE AMLIYAAT BOOKS ..... pdf
Scanned by CamScanner

کے موقع پر پڑھنے سے بارش ہو جاتی ہے اور خوب ہوتی ہے

دعا قبول کرانے کیلئے

دعا قبول کرانے کے لئے دعا کے آخر میں یہ شعر پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بفضل خدا دعا برضائے خدا منظور ہو گی۔

اے وارث کعبہ و مدینہ
غرقاب سے بچا میرا سفینہ

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ اپنی دعاؤں کے آخر میں یہ شعر پڑھنے سے بھی دعا قبول نہ ہو تو قیامت میں ہمیں جواب آئے گا۔

حضرت مولانا گنج مرادآبادی

حضرت مولانا گنج مرادآبادی کا ارشاد ہے کہ گنجا آدمی تیل پر صرف ۱۱ مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر تیل ملا کرے۔ انشاء اللہ سر پر بال اس قدر آئیں گے کہ دیکھنے والے تعجب کریں گے۔

کسی کی ناف ٹل جائے

کسی کی ناف ٹل جائے۔ تو ۱۱ ، ۱۱ ، ۱۱ ، ۱۱ ، ۱۱ مکہ کر ناف کی

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

جگہ پر باندھیں۔ انشاء اللہ فوراً درست ہو جائے گی۔

آخری چہار شنبہ

آخری چہار شنبہ کے روز حلوہ بنا کر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ثواب نذر کریں اور دعا مانگیں۔ قیدی پر کرم ہوگا اور رہائی مل جائے گی۔

گمشدہ کیلئے

یہ لکھ کر پتھر کے نیچے دبا دو۔ گمشدہ کی فوراً خبر ملے گی۔

لڑکا پیدا ہونے کیلئے

کھجور

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

لڑکا پیدا ہونے کے لئے یہ نقش [redacted] باندھ کر ہمبستر ہو۔ جب بھی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کچھ امید پیدا کریں گے تو لڑکا ہوگا۔

فالنامہ خالدی



FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

اس نقش کے کسی عدد پر مطلب سوچ سمجھ کر انگلی رکھیں اور جواب باثواب پڑھ لو جس عدد پر انگلی پڑے۔ دیکھ لیں۔

۱۔ مقصد بر آئے۔

۲۔ مراد دیر سے پوری ہو۔

۳۔ مطلب برآری نہ ہو۔

۴۔ خوشی میسر ہو۔

۵۔ دولت ملے۔

۶۔ دشمنی بڑھے گی۔ خبردار رہو۔

۷۔ کسی اچھے اور نیک آدمی سے ملاقات۔

تل کی علامات

ہونٹ پر تل ہو ——— وفادار ہو۔

رخسار پر تل ہو ——— بے وفا ہو۔

ٹھوڑی پر تل ہو ——— محبوبِ خلق ہو۔

گلے پر تل ہو ——— اچانک مرے۔

بازو پر تل ہو ——— شاعر ہو۔

ٹانگ پر تل ہو ——— وعدہ کا پکا ہو۔

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

پیٹ پر تل ہو	بوالہوس ہو۔
کمر پر تل ہو	مفلس ہو۔
چھاتی پر تل ہو	بہادر ہو۔
پیروں پر تل ہو	نفسیاتی شہوت غالب ہو۔

سفر کو نہ جاؤ

مشرق کی جانب	شنبہ و دوشنبہ کو سفر نہ کرنا۔
جنوب کی جانب	جمعرات کو سفر نہ کرنا۔
شمال کی جانب	منگل اور بدھ کو سفر کو نہ جاؤ۔
مغرب کی جانب	یکشنبہ کو سفر نہ کرنا۔

گھوڑ دوڑ

گھوڑ دوڑ کھیلنے والوں کو ہماری ہدایت ہے کہ دولت نہ کھوؤ۔ آئندہ تم جانو۔ نہیں مانتے۔ تو یہ یاد رکھو کہ جس گھوڑے کے نام کا پہلا حرف آپ کے نام کا پہلا حرف ہو۔ اس سے نہ کھیلو۔ انشاء اللہ تعالیٰ تم فائدہ اٹھاؤ گے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

سٹہ

سٹہ ہرگز ہرگز نہ کھیلو۔ خدا سے ڈرو۔ کہ وہ جوا کھیلنے والوں سے ناراض ہوتا ہے۔ یہ تعویذ اس کام میں مؤثر ہے ؎

در کوئے نیک نامی ما را گزر نہ دارند
گر تو نمے پسندی تغیر کن قضا را

یہ شعر سرہانے رکھ کر سو جاؤ۔ آئندہ تم جانو۔ یا تمہاری قسمت۔

اس کتاب میں

بعض بعض عملیات ایسے بھی ہیں۔ جن کا تعلق نہ قرآن سے ہے اور نہ حدیث سے۔ بلکہ مجذوب کی بڑ کی قسم سے ہیں۔ یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ ان میں اثر نہ ہوگا۔ بات یہ ہے کہ ؎

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود

ان کی نسبت تو ان بزرگانِ دین سے ہے جنہیں خدائے ذوالجلال سے تعلق ہے۔ اس لئے ان کی قبولیت ان کی اثر اندازی میں ہرگز کسی قسم کا وسوسہ دل میں نہ لانا چاہیئے۔ کیونکہ حضرت مولانا یہ فرماتے ہیں کہ ؎

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

ہر کہ مرداں را رساند بر مراد
اعتقاد است اعتقاد است اعتقاد

پہلوانوں کو قوت دینے والا تعویذ

۷۸۶

۱۳۴	۱۲۹	۱۳۶
۱۳۵	۱۳۳	۱۳۱
۱۳۰	۱۲۷	۱۳۲

اللہ اکبر۔ یہ تعویذ بڑا مؤثر ہے پہلوان اسے اپنے بازو پر باندھ کر تجربہ کریں۔ دگنی طاقت کا احساس ہوگا۔ مگر تعویذ بلند ہونے سے پہلے طاؤس العلماء حضرت خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز بریانی پر دلا کر کسی کو کھلا دے۔

قرآن پاک کا عمل

اللہ اکبر۔ یہ عمل بڑی تاثیرات اپنے اندر رکھتا ہے۔ پھر لطیف یہ پڑھا ہوا ہو۔ ان پڑھ مرد و عورت سب کر سکتے ہیں۔ اور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

قرآن مجید کھولو۔ اور ہر سطر پر صلی اللہ علیہ وسلم پڑھو۔ انگلی سطروں پر پھیرتے جاؤ۔ ہمارا خیال تو یہ ہے کہ قرآن پاک کی سطروں پر انگلیاں پھیرنا ختم بھی نہ ہوگا اور کام پورا ہو جائے گا۔ ہر کام کے لئے یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ بیمار کی صحت کے لئے

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کاروبار کی ترقی کے لئے کسی مشکل کے حل ہونے کے لئے کسی سے مل کر فائدہ اٹھانے کے لئے۔ غرض یہ کہ قاضی الحاجات ہے سب بوڑھا، بچہ، مرد، عورت اور ان پڑھ اور خواندہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں بشرطیکہ پاکیزہ ہوں۔ کام ہو جانے پر لازم ہے کہ تین بھوکوں کو کھانا ضرور کھلائے۔ جو ایسا نہ کرے گا۔ وہ نقصان اٹھائے گا۔

یہ عمل حضرت رابعہ بصری رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہے۔ دنیا جانتی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی کس قدر نیک بندی تھیں۔ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بھی ان کی تعظیم فرمایا کرتے تھے۔

سورۂ طٰہٰ کا عمل

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ سورہ طٰہٰ کا پڑھنے والا کبھی محتاج نہیں رہتا اور یہ ایک خاص طریقے سے بھی پڑھی جاتی ہے۔ اس طرح کہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ وقت چاشت یعنی گیارہ بجے دوپہر کو کھڑا ہو کر پڑھا کرے۔ اور چودہ دن پڑھے۔ اول و آخر چودہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں کسی سے بات نہ کرے۔ ورنہ عمل بے کار ہو جائے گا۔

چودھویں دن جب پڑھ چکے تو دو رکعت نفل پڑھے جس میں پہلی رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ والتین اور دوسری رکعت میں سورۂ انا انزلنا پڑھے اور پھر سجدے میں جا کر چودہ بار طٰہٰ پڑھیں اور دعا مانگیں اور تمام کام ختم

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کریں جس مقصد کے لئے کوئی صاحب پڑھیں گے۔ انشاء اللہ پورا ہوگا اور دوران عمل میں ہی مراد سے دامن بھر جائیگا۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

جنہوں نے ان پوشیدہ اور مخفی جواہرات کے رازوں کو عام کیا ہے۔

سورۂ مزمل شریف کا ورد

گیارہ مرتبہ روزانہ سورہ مزمل کا پڑھنا اکتالیس دن تک۔ اگر کسی صاحب کو فتوحات حاصل نہ ہوں تو یہ کہے کہ حضرت خواجہ بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ! خدائے بزرگ و برتر کے سامنے جاکر فریاد کرنا کہ ہم نے اس کے کہنے سے یہ پڑھا تھا۔ پھر بھی ہمارا مقصد پورا نہ ہوا۔ اب اور اس سے زیادہ کیا اطمینان قلب کے لئے ثبوت پیش کیا جاسکتا ہے۔ خدا کرے کہ مسلمانوں کو توفیق عمل اور وہ دولتِ سرمدی عطا رہو۔ یہ خاندان سہروردی کا مایۂ ناز عمل ہے۔

حضرت خواجہ غریب نواز کا عمل

تین قرآنِ پاک پڑھ کر حضور خواجہ صاحب کی روح پُرفتوح کو ثواب نذر کرو۔ اور اپنا دلی مقصد طلب کرو۔ طفیل حضرت خواجہ غریب نواز اللہ تعالیٰ ضرور مقصد دلی پورا فرمادیں گے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

لاہور میں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے مزار فیض الوار پر خواجہ صاحب کا چلہ بنا ہوا ہے۔ وہاں پر جا کر اگر یہ عمل کرو گے۔ تو حضرت داتا صاحب کا تصرف بھی شامل ہو جائے گا۔ اور عمل میں دوہری طاقت اور نسبت شامل ہو جائے گی۔

کام کی باتیں

۱۔ تعویذات ہمیشہ پاک روشنائی اور پاک قلم سے لکھا کریں۔

۲۔ لکھتے وقت لوبان وغیرہ کی دھونی بھی جلا لیا کرو۔ اور پھر عطر بھی لگا لیا کرو۔

۳۔ یقین پختہ رکھو گے تو اثرات ہوں گے۔ متذبذب نہ بنو۔

۴۔ جن ہدایات کے مطابق جو عمل لکھا ہے۔ اس کے مطابق عمل کرو۔ ضرور بااثر ثابت ہوگا۔

۵۔ بڑی خصوصیت اس کتاب کی یہ ہے کہ کوئی خاص پابندی کسی عمل میں نہیں ہے۔ سہل العمل عملیات ہیں۔

۶۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے۔ مصنف کتاب سے بمقام لاہور۔ رام گلی لاہور گلی نمبر ۲ میں آکر بالمشافہ دریافت کر لو۔

۷۔ خود کوئی عمل نہ کر سکو تو پتہ مذکورہ بالا پر خط و کتابت کریں اور جواب کے لئے جوابی کارڈ ضرور بھیجیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

Scanned by CamScanner

۸۔ عملیات کتابیں ہر قسم کے درج ہیں۔ مگر جن عملیات کی ممانعت لکھی گئی ہے۔ اگر انہیں کروگے تو خود ذمہ دار ہوگے۔

۹۔ جو لوگ اس سلسلے میں داخل ہونا چاہتے ہیں۔ وہ بھی مذکورہ پتہ پر خط و کتابت کریں۔

۱۰۔ ہر شخص کو شرعی ارکان کا پابند ہونا لازمی ہے۔

۱۱۔ دعائے خیر کے وقت مصنف کتاب کو ضرور اپنی دعا میں شامل کریں۔ یہ درخواست مخلصانہ ہے۔

ایک نہایت مجرب عمل

جو اپنے اندر عجب کہ اثرات رکھتا ہے جبکہ خواہشمند آج کل نوے فیصدی لوگ ہیں۔ یاد رکھو۔ جب کا عمل جب کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ تو لوگ قرآنی آیتوں کو ہوس کا نشانہ بنانے میں گریز نہیں کرتے۔ وہ خدا سے ڈریں اور مکافاتِ عمل سے لاپروا نہ ہوں۔ یہ کہہ دینا تو آسان ہے کہ تعویذوں میں اثر نہیں۔ مگر تعویذوں اور عملوں کو عمل میں لانا شرعی اعمال کے مطابق بڑا مشکل ہے۔ جب عامل اپنے نفس پر قابو نہیں پا سکتا۔ تو عمل پر کیا قابو پائے گا۔ بہر حال ہمارا کام سمجھا دینا ہے۔

عامل کو غیب سے ایک مقررہ رقم مل جایا کرے گی۔ جو اس کے خرچ روزانہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کے لیئے کافی ہوگی۔ جو لوگ توکل علی اللہ ہوتے ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ وہ اس عمل کا تجربہ کریں اور ان بزرگ کے عمل کے عطیات سے فائدہ اٹھائیں۔

نقش کارساز

۷۸۶

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

یہ اسم ذات کا مربع ہے۔ جو کسی مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لیئے سبز پان میں لپیٹ کر خشکی میں دبا دیا جاتا ہے۔ جاتے ہی عدالت میں کامیابی حاصل ہو جاتی ہے۔

لوح بزرجمہر

کہا جاتا ہے کہ یہ لوح خواجہ بزرجمہر لکھا کرتے تھے۔ حاجت مندوں اور بیماروں میں تقسیم فرمایا کرتے تھے۔ اور حاجت مند کامیاب ہوتے تھے۔ لوح صفحہ ۱۷۷ پر مرقوم ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
Scanned by CamScanner

۷۸۶

اللہ	۱۱	۶۶	۱۸۶	یاھو
۹۲	اللہ	۱۱	۱۶۶	۱۸۶
۷۰۷	۹۲	اللہ	۱۱	۶۶
۱۱۰	۷۰۷	۹۲	اللہ	۱۱
۹۸۹	۱۱۰	۷۰۷	۹۲	اللہ

حضرت ابوہریرہؓ کے چھوہارے

کتب سیر کی روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ حاجت مندوں کو حاجت پیش کرنے پر ایک ایک چھوہارہ دیا کرتے تھے کہ یہ کھالو مقصد پورا ہوگا وہ ان چھوہاروں پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں درود نذر کیا کرتے تھے خدا جانے کس تعداد میں پڑھا کرتے تھے مگر بیماروں کو شفا ہوتی تھی۔ غریب اپنی روزی کماتے تھے مصیبت زدہ مصیبت سے رہائی پاتے تھے دکانداروں کی تجارت میں ترقی ہوتی تھی کتب سیر سے بھی ثابت ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ بڑی کثرت سے درود پڑھتے تھے اور ان کی خدمت میں کھجور مانگنے والوں کا اژدہام رہتا تھا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

مسودہ کتاب ہذا

یہاں تک لکھا گیا تھا کہ ہندوستان سے میرے ایک مخلص کرم فرما بزرگ جو خاندان قادریہ و چشتیہ کے چشم و چراغ ہیں تشریف لے آئے۔ دیکھا۔ تو کہنے لگے کہ حضرت! میرے پاس بھی انمول ذخیرہ ہے۔ جو میری بیاض میں درج ہے آپ چاہیں تو لے سکتے ہیں۔ اچھا ہے کہ مخلوق خدا فیضیاب ہو۔ ذیل میں جو نقش اور عملیات درج ہیں۔ انہیں بزرگوں کی عنایات سمجھنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس کا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

دستِ غیب کا عملِ بینظیر

واللہ محظی وانا قاسمہ

اس حدیثِ مبارکہ کے متعلق حضرت مولا علی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ماہ ثابت کے مہینے میں ان مہینوں کی تفصیل میری کتاب جہانگیری میں درج ہے۔ پیر کے دن عصر و مغرب کے وقت اس حدیث کو ۴۵۵ مرتبہ تیرہ دن متواتر جو شخص لکھے گا۔ وہ بھی مراد پائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

حضرت صابر کی گولریاں

جو کلیر میں پیر ہیں۔ قل کے روز ان کے پتے تمام نوچ لئے جاتے اور ارادتمند تبرک لاتے ہیں مگر ہم نے دیکھا ہے کہ حضرت بابا صاحب کے آستانہ مبارک پر مسجد کے بائیں جانب جو دروازے کے سامنے پیڑ ہے جس میں چھوٹے چھوٹے پتے لگے ہوتے ہیں۔ اور ذائقے میں بھی کھٹے ہوتے ہیں۔ وہ اولاد کے متمنی توڑ کر لے جاتے ہیں۔ اور خدا کی قدرت کہ ان کی آغوش مراد بھر جاتی ہے۔ پھر جا کر وہ حضرت کی نیاز دلاتے ہیں۔

یہاں لاہور میں حضرت داتا صاحبؒ

یہاں لاہور میں حضرت داتا صاحبؒ کے آستانے پر جائے قیام اوّل پر حضورؒ کے سرہانے پانی کا چھوٹا سا حوض چوپتھر کا بنا ہوا ہے جس میں پانی بھرا رہتا ہے۔ عورتیں آکر حوض میں اور صاحب پرانے پر چادریں چڑھاتی ہیں اور چراغاں کرتی ہیں۔ ان باتوں پر کم نظر لوگ اعتراض کرتے ہیں۔ ہم تو جانتے ہیں کہ ان لوگوں نے اور ان مقدس ہستیوں نے خدائے اقدس کو اپنایا ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی ان کی خوشنودی چاہتے ہیں ؎

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

اللہ اللہ گفتہ اللہ مے شود
ایں سخن حق است باللہ مے شود

بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ۔ جن کو ان بابرکات مزاروں سے عقیدت و محبت ہے۔

ہرگز بمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

حضرت محبوب الٰہیؒ کے یہاں

حضرت محبوب الٰہیؒ کے یہاں بمقام دہلی ہیں یہ تو ہمارا تجربہ ہے کہ ایک دیوانہ شخص کو لایا گیا۔ اور اسے لنگر سے روٹی دی گئی۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ اچھا ہو کر آستانے سے واپس ہوا۔

حضرت بابا صاحبؒ کا چلّہ

حضرت بابا صاحب کا چلہ جو لاہور میں ہے اور اہل محبت وہاں حاضر ہوتے رہتے ہیں۔ بڑا ہی پر نور مقام ہے۔ ہمارا تجربہ ہے۔ کہ وہاں جا کر بھی اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے والے بامراد ہوتے ہیں۔ کیا تمہیں وہ ہستیاں جن کی ذات سے زمین کے ٹکڑے کو عظمت مل

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

تری مہربانیوں سے مرے دن گزر رہے ہیں

وہ نقش یہ ہے کہ عام طور پر اس کی اجازت دیتا ہوں - بسم اللہ الرحمن الرحیم

من العبد الذلیل الی المولیٰ الجلیل ما افوض امری الی اللہ بحق نبی

الامی صلی اللہ علیہ وسلم ۷۰۷ ۹۴۰ ۹۲ ۶۶ ۱۱۰

الف سے یے تک

تمام حروف ختم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح حضورؐ کے صحابہ کبارؓ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ رضوانہم تک خلفائے راشدین کے اسمائے گرامی کا یہ ظلی فیض جاری ہے۔ اگر کوئی شخص اس طرح لکھ کر باندھ لے۔ تو حسب منشا کامیاب ہو۔



امتحان میں کامیاب ہو۔

مقدمے میں کامیاب ہو۔

کاروبار میں کامیاب ہو۔

کشتی و معرکہ میں کامیاب ہو۔

تجربہ بڑی چیز ہے ——— لوگو! آزماؤ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

جاتی ہے۔

غیبی عطیّہ

میں ایک دن کسی خاص الجھن میں تھا کہ نیند آگئی۔ خواب میں دیکھا کہ کوئی بزرگ یہاں تشریف لائے ہیں۔ کہ مجھے مرحمت فرمایا۔ اور فرمایا۔ جاؤ! تمہاری مراد بھی پوری ہو جائے گی۔ اور تمہیں اجازت بھی ہے۔

مانو نہ مانو جانِ جہاں اختیار ہے
ہم نیک و بد حضور کو سمجھائے جاتے ہیں

یہ وہ کلام ہے۔ جو پہاڑوں پر نازل ہوتا تو ان کے بھی ٹکڑے اڑ جاتے دنیوی کام تو پھر دنیوی ہیں۔ یہ وہ مجرب عمل ہے کہ ہزار عمل، ہزار نقش ایک طرف اور آپ کا یہ مذہبی خلوص ایک طرف۔ اسی لئے ہم نے اس کو اب نہایت تجربہ اقدار کی روشنی میں لکھا ہے۔ امید ہے کہ لوگ اسی نقطہ سے اس سے درس حاصل کریں گے۔ جس نقطہ نظر سے یہ سطریں لکھی گئی ہیں۔ وما علینا الا البلاغ



FREE AMLIYAAT BOOKS . . . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

نوروز کا ایک عجیب و غریب نقش

نوروز کا سال کا پہلا دن ہوتا ہے۔ اور ہر مذہب والوں نے اپنا اپنا علیحدہ نوروز شمار کیا ہے۔ مگر اہلِ زبان یہ دن اس روز مناتے ہیں۔ جبکہ آفتاب سالانہ دورہ طے کرنے کے بعد خطِ استوا کے عین مشرق میں نقطہ اعتدال پر فلک ثوابت کی پہلی شکل برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ اس وقت دن رات دونوں برابر ہوتے ہیں اور فصل ربیع کی ابتدا ہوتی ہے یعنی آغازِ بہار ہوتا ہے۔ نجومی اسی وقت کے ستاروں کی نیک و بد رفتار سے اندازہ لگا کر زائچے وغیرہ تیار کرتے ہیں۔ عالمین کا فیصلہ ہے کہ اگر عین اس وقت رفتار کو مدِ نظر رکھ کر کوئی تعویذ تیار کیا جائے تو وہ بڑا موثر ثابت ہوتا ہے۔ فقیر صدفی دارثی مصنف کتاب ہذا ہر سال یہ نقش اپنے اور اپنے احباب کے لئے تیار کرتے ہیں۔ ایک برج سے نکل کر دوسرے برج میں جانے کو تعویذِ آفتاب کہتے ہیں۔ وہ اکثر ۲۰، ۲۱ مارچ کو واقع ہوتی ہے۔ وقت اور ساعت جنتریوں سے معلوم ہو سکتی ہے۔ قدر دان حضرات اور شائقین اعمال تجربہ کر کے ہماری معلومات کی داد دیں۔ مگر وہ ساعت ایک ہوا کی طرح ہوتی ہے۔ جیسے کسی پل دور میں گزر رہی ہو۔ تو ایک لحظہ کے لئے ریلوے کا درمیان اور پل کا اتصال تو ضرور ہو گا۔ اس طرح تبدیلی ساعت میں تمام عالم کے کاروبار

FREE AMLIYAAT BOOKS ....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

رک جاتے ہیں مگر ایک ثانیہ کے لئے اور وہی وقت عالمین اکرام مقبولیت فرماتے ہیں اس کے دیکھنے کے لئے میری رائے تو یہ ہے کہ گھڑی کا ٹائم ٹھیک کر لیا جائے۔ اور وقت مقررہ سے تین منٹ پہلے اور ایک منٹ بعد تک مطلوبہ کام کرتے رہنا چاہیئے۔ اسی میں وہ ساعت آجائے گی۔ توبہ کرنی چاہیئے۔ ورنہ کوئی ایسا عقدہ لاینحل نہیں۔ جو حل ہو ہی نہ سکے۔ جو صاحب خود تیار نہ کر سکیں۔ وہ فقیر صوفی وارثی رام کلی نمبر، لاہور کے پتے پر جوابی کارڈ لکھ کر نقش تیار کرالیں۔ مگر اس کے اخراجات کے لئے کم از کم سوا پانچ روپیہ منی آرڈر میں بھیجنا چاہئیں۔ بعد تیاری نقش ارسالِ خدمت کر دیا جائے گا۔

تمرد در عقرب

اور پنچانگ پنچھتر ہر جنتری میں معہ وقت اور گھڑی پل کے درج ہوا کرتے ہیں معمولی اردو خوان بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ ساعتیں اہلِ یونان کے نزدیک کسی کام کے شروع کرنے کے لئے مبارک نہیں ہوتی ہیں۔ اس لئے بہتر ہے کہ احتیاط برتی جائے۔ ورنہ بفضل ما یشاء اللہ تعالیٰ جو چاہے۔ کرے۔

فارسی کا ایک شعر یاد آیا ہے ؎

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

عقرب اندر ہر ماہ در نیم روز ار دگراں
ہر کہ کارے نو کند بیند ار د خطر و زیاں

اکثر حضرات کاروبار میں شاید اس لئے نقصان اٹھاتے ہیں۔ سچ ہے۔
اسلام کی خاطر کیوں میاں کو ناراض کیا پہلے سے ہی احتیاط بہتر ہے۔

شرفِ آفتاب

لکھے ہوئے نقوش ترقی روزگار، بلندی مراتب کے لئے بہت بہتر ہیں۔
کیونکہ یہ ساعت سعد اکبر ہے۔ ذیل میں شرفِ آفتاب کی ساعت کا ایک
نقش درج ہے۔ صاحب معارف فرماتے ہیں کہ اس نقش کو اپنے پاس کسی کھال
میں لپیٹ کر رکھنے کے بڑے بڑے فائدے صاحب نقش کو ہوتے ہیں۔ اور شرف
آفتاب کی ساعت کے نقوش بڑے موثر ہوتے ہیں نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۷۴	۲۷۸	۲۸۱	۲۶۷
۲۸۰	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۹
۲۶۹	۲۸۳	۲۷۶	۲۷۲
۲۷۷	۲۷۱	۲۷۰	۲۸۲

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

تمام شد

Scanned by CamScanner

خوفناک کہانیاں ۴/-

طوطی ناگ کی بیٹی (باتصویر) ۴/-

ناگ شہزادہ (باتصویر) ۴/-

غریب نگر کا شہزادہ ۴/-

لطیفے کلاں (باتصویر) ۴/-

جادو کا گول شیشہ ۴/-

جل پری ۴/-

چراغ الہ دین (باتصویر) ۴/-

علی بابا چالیس چور (باتصویر) ۴/-

بدنام ۴/-

میری محبت ۴/-

قیدی ۴/-

شہزادی نرگس ۴/-

عملیات بزرگان دین قیمت ۸/-

مجربات بو علی سینا ۴/-

حضرت علی کے فیصلے ۶/-

دربار عمر کے فیصلے ۶/-

اولیائے کرام ۸/-

دیوان غالب ۶/-

جاسوسی ناول کوٹھی نمبر ۱۳ ۵/-

جاسوسی ناول ہڈیوں کا محل ۵/-

خوفناک کہانی مردوں کا اڈا ۵/-

جاسوسی ناول لہو بھرے ہاتھ ۵/-

الف لیلیٰ کلاں (باتصویر) ۱۲/-

رومانی ناول پاگل ۱۲/-

اردو میں ہیر رانجھا (باتصویر) ۳/-

اردو میں سسی پنوں (باتصویر) ۳/-

اردو میں سوہنی مہینوال (باتصویر) ۳/-

اردو میں مرزا صاحباں (باتصویر) ۳/-

اردو میں لیلیٰ مجنوں ۳/-

اردو میں شیریں فرہاد ۳/-

پاکستانی فرمائشی محفل نئے گانے ۴/-

نغمات محمد رفیع کلاں ۵۰۰ گانے قیمت ۱۲/- روپے

آپکی فرمائش نئے انڈین فرمائشی گانے ۴/-

نغمات شمشاد بیگم ۴/-

نغمات احمد رشدی ۴/-

نغمات عالم لوہار ۴/-

نغمات نور جہاں ۴/-

نغمات عنایت حسین بھٹی ۴/-

نغمات طلعت محمود ۴/-

نغمات مہدی حسن ۴/-

نونہال بکڈپو اندرون لوہاری گیٹ لاہور

FREE ADLYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/...

Scanned by CamScanner